تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 03, 2025

پریس ریلیز

یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سول انجینئرنگ میں ابھرتے پیراڈائم پر گول میز کارپوریٹ المنائی میٹ منعقد کیا

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ اٹھائیس فروری دو ہزار پچیس کو کامیابی کے ساتھ سول انجینئرنگ میں نئے ابھرتے پیراڈائم کے موضوع پر گول میز کارپوریٹ المنائی میٹ منعقد کیا۔ پروگرام میں سترہ ممتاز اور سرکردہ المنائی بشمول جناب انوشبھو کمار جھا (ریجنل ہیڈ، آر ایم سی، الٹرا ٹیک سیمینٹ لمٹیڈ)، جناب ندیم احمد (چیف انجینئر مینیجر، ایل اینڈ ٹی)، جناب مرزا ظفر بیگ (ڈائریکٹر، این ایس ایسوسی ایٹس، پرائیوٹ لمیٹیڈ) اور جناب عمران خان سوری (ڈائریکٹر، سوری پروجیکٹس پرائیوٹ لمٹیڈ) ایک ساتھ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے جنھوں نے سول انجینئرنگ کے شعبے میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔

المنائی میٹ میں شعبہ کے پروفیسران اور شعبہ سول انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اسٹوڈینٹ پلیسمنٹ کوآرڈی نیٹر بھی شریک ہوئے۔ پروفیسر راحیلہ فاروقی (اعزازی ڈائریکٹر، یو پی سی) اور پروفیسر صباح خان (اعزازی، ڈائریکٹر، یو پی سی) کی استقبالیہ خطبے سے پروگرام کا آغاز ہوا جس کے بعد پروفیسر ریحان خان سوری (ٹی پی اور ڈائریکٹر سی آئی ای) کی افتتاحی تقریر ہوئی۔ سول انجینیئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کے لیے انٹرنشپ اور پلیسمنٹ کے اشتراکی مواقع پر بحث ومباحثہ مرکوز رہا۔

پروفیسر فرحان اے۔ قدوائی (صدر، شعبہ سول انجینئرنگ) کی اختتامی گفتگو کے ساتھ ایک نہایت کامیاب بابصیرت اور پراثر المنائی پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی